Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________

Sig. of Invigilator: ____________

StudentBounty.com

# اُردو (لازمی) ایس ایس سی-I

**Revised Syllabus** حصہ اوّل (کُل نمبر:15) وقت: 20 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کرکے ناظم مرکز کے حوالے کردیا جائے۔کاٹ کردوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبرا۔** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) رسولِ پاکؐ نے نبوّت کے کس سال ہجرت کی؟

الف۔ دسویں سال ب۔ گیارھویں سال ج۔ بارھویں سال د۔ تیرھویں سال

(ii) مصنّف کے بنگلے کا مزاج ہرزاویے سے ________ تھا۔ (بحوالہ۔۔۔قدرِایاز)

الف۔ مدبرانہ ب۔ خاکسارانہ ج۔ امیرانہ د۔ عاجزانہ

(iii) شاملِ نصاب سبق 'لہو اور قالین' صنفِ نثر کے اعتبار سے کیا ہے؟

الف۔ ناول ب۔ افسانہ ج۔ ڈراما د۔ مضمون

(iv) 'قاطعِ برہان' کے مصنّف کون ہیں؟

الف۔ مرزا غالب ب۔ سودؔا ج۔ مومنؔ د۔ ذوقؔ

(v) 'قدرِایاز' کے مُصنّف کون ہیں؟

الف۔ سیّدامتیاز علی تاج ب۔ کرنل محمد خان ج۔ سرسیداحمد خاں د۔ مولانا شبلی نعمانی

(vi) شاملِ نصاب نعت میں "بے خارگُل" سے کون مراد ہیں؟

الف۔ حضرت علیؓ ب۔ حضرت ابوبکرؓ ج۔ حضرت محمد ﷺ د۔ حضرت عثمانؓ

(vii) امیدِ بہار کے لیے کس عمل کی ضرورت ہے؟

الف۔ اتحاد کی ب۔ تعلیم کی ج۔ شجر سے پیوستہ رہنے کی د۔ درست فکر کی

(viii) نظم 'برسات کے بہاریں' کے شاعر کون ہیں؟

الف۔ امیؔر مینائی ب۔ نظیرؔ اکبرآبادی ج۔ علامہ اقباؔل د۔ بہادر شاہ ظفرؔ

(ix) مصرع مکمل کریں: عُمرِ دراز مانگ کے لائے تھے ________

الف۔ چند دن ب۔ چھ دن ج۔ دو دن د۔ چار دن

(x) شاملِ نصاب غزل میں میرتقی میرؔ اپنی ہستی کو کس چیز سے تشبیہ دیتے ہیں؟

الف۔ گلاب ب۔ حباب ج۔ چراغ د۔ سراب

(xi) "موتیوں کی طرح سفید" یہ جملہ علمِ بیان کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ استعارہ ب۔ مجازِ مرسل ج۔ کنایہ د۔ تشبیہ

(xii) "چار آم" قواعد کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ مرکبِ جاری ب۔ مرکبِ ناقص ج۔ مرکبِ اضافی د۔ مرکبِ تام

(xiii) "کی طرح" ارکانِ تشبیہ کا کون سا رکن ہے؟

الف۔ مشبہ ب۔ مشبہ بہ ج۔ حرفِ تشبیہ د۔ غرضِ تشبیہ

(xiv) "امیدِ بہار" قواعد کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ مرکبِ اشاری ب۔ مرکبِ تام ج۔ مرکبِ اضافی د۔ مرکبِ عددی

(xv) نذیر احمد نے کس انداز کے ناول لکھے؟

الف۔ تاریخی ب۔ اصلاحی ج۔ رومانوی د۔ مزاحیہ

---

برائے ممتحن: کُل نمبر: 15 حاصل کردہ نمبر: ______

# اردو (لازمی) ایس ایس سی-I

**Revised Syllabus**

StudentBounty.com

کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60 — وقت: 2:40 گھنٹے

**نوٹ:** حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 34)

**سوال نمبر۲: الف۔** مندرجہ ذیل میں سے بارہ (12) اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x2=24)

(i) ہجرت کے سفر میں حضرت ابوبکرؓ کے صاحبزادے عبداللہ نے کیا خدمت انجام دی؟

(ii) دوستوں کو دیکھ کر مرزا غالب کی حالت کیا ہوتی تھی؟

(iii) خواجہ باسط نے میرؔ اور مرزا کے کلام کے بارے میں کیا فرمایا؟

(iv) بیماری کے باوجود میاں دفتر جانے کے لیے کیوں تیار ہو جاتا ہے؟

(v) دیہاتی لڑکے کی کہانی سُن کر سلیم میاں پر کیا اثر ہوا؟

(vi) سرسیّد کے اسلوب نگارش کی دو خوبیاں تحریر کریں۔

(vii) شیخ جمن نے فیصلہ سناتے ہوئے انصاف کے اصولوں کو کہاں تک پورا کیا؟

(viii) نیازی نے اپنی تصویریں اختر کے حوالے کیوں کیں؟

(ix) میر تقی میرؔ کی شاعری پر مختصر تبصرہ کریں۔

(x) شاعر میر تقی میرؔ اضطراب کی حالت میں کیا کرتا ہے؟

(xi) درویش کے لب پر کیا صدا ہے؟ (بحوالہ غزل غالبؔ)

(xii) امیر مینائی کی شامل نصاب نعت کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

(xiii) ''قدرت کے بچھ رہے ہیں ہر جا ہرے بچھونے'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ (بحوالہ۔۔۔ برسات کی بہاریں)

(xiv) خلوتِ اوراق میں کون نغمہ زن ہے؟ (بحوالہ۔۔۔ پیوستہ رہ شجر سے اُمید بہار رکھ)

**ب۔** درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزا حل کیجیے: (5x2=10)

(i) استعارہ کی تعریف کریں اور ایک مثال دیں۔

(ii) مطلع سے کیا مراد ہے؟ مثال سے وضاحت کریں۔

(iii) درج ذیل ذو معنی الفاظ کو اس طرح جملوں میں استعمال کریں کہ معنی واضح ہو جائیں:

عرض ، تکرار

(iv) ''علی ذہین ہے'' کی ترکیب نحوی لکھیے۔

(v) مبتدا اور خبر میں فرق واضح کریں۔

(vi) محاورے کے لحاظ سے درج ذیل جملے کی اصلاح کریں:

تم تو ناک پر مچھر نہیں بیٹھنے دیتے۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 26)

**سوال نمبر۳:** سبق، مصنّف اور اس کے متن کا مختصر حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کیجیے: (1/2+1/2+1+4=6)

**الف۔** کئی برس سے اس محلّے میں رہتے ہیں، مگر کانوں کان خبر نہیں۔ محلّے میں کوڑیوں لڑکے بھرے پڑے ہیں، لیکن ان کو کسی سے کچھ واسطہ نہیں۔ آپس میں اُوپر تلے کے چاروں بھائی ہیں۔ نہ کبھی لڑتے، نہ کبھی جھگڑتے، نہ گالی بکتے، نہ قسم کھاتے، نہ جھوٹ بولتے۔ نہ کسی کو چھیڑتے، نہ کسی پر آوازہ کستے۔ ہمارے ہی مدرسے میں پڑھتے ہیں، وہاں بھی ان کا یہی حال ہے۔ کبھی کسی نے ان کی جھوٹی شکایت بھی تو نہیں کی۔

StudentBounty.com

یہ نہیں کہ چھوٹا چودھری یا اس کے گھر والے مہمان نواز نہ تھے۔ انھیں صرف اس بات کا یقین نہیں تھا کہ ان کی مہمان نوازی ماسٹر جی کو موافق بھی آئے گی یا نہیں۔ بہر حال انھوں نے اپنی تواضع کی ابتدا کی۔ چھوٹا چودھری اور اس کے بڑے بھائی ماسٹر جی کو بصد تعظیم اپنی چوپال میں لے گئے۔ چوپال کے دو حصّے تھے۔ ایک میں گھوڑی بندھی تھی اور دوسرے کے عین مرکز میں آتش دان تھا، جس کی آگ کے شعلے اور دھواں بیک وقت بلند ہو کر چوپال میں روشنی اور تاریکی پھیلا رہے تھے۔

سوال نمبر ۴۔ **شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کیجیے:** (1/2+1/2+2+2=5)

**الف۔**
چچتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سُلطانی
کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا
تُو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو
جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گلا تیرا

ب۔
ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ
ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے
ہے لازوال عہدِ خزاں اُس کے واسطے
کچھ واسطہ نہیں ہے اُسے برگ و بار سے

سوال نمبر ۵: **شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کیجیے:** (1+2+2=5)

الف۔
میں بھی مُنہ میں زبان رکھتا ہوں
کاش پُوچھو کہ مدّعا کیا ہے؟
ہم کو اُن سے، وفا کی ہے اُمید
جو نہیں جانتے ، وفا کیا ہے؟

ب۔
کہوں کیا ہوئی عمر کیونکر بسر
میں جاگا کیا ، بخت سویا کیا
رہی سبز بے فکرِ کِشتِ سخن
نہ جوتا کیا میں ، نہ بویا کیا

سوال نمبر ۶۔ دو طلباء کے درمیان '' امتحان کی تیاری '' کے موضوع پر ایک مکالمہ تحریر کریں۔ (5)

(یا)

سکول میں منعقدہ '' جلسۂ تقسیم انعامات '' کی روداد تحریر کریں۔

سوال نمبر ۷۔ اپنے دوست کو خط لکھیں جس میں اسے غیر اسلامی رسومات سے بچنے کی تلقین کریں۔ (5)

—— 1SA 1303 (New) ——